Reg. No. : ....

Name : ....

GOVT. BRENNEN COLLEGE THALASSERY CENTRAL LIBRARY

K18U 1861

III Semester B.A. Degree (CBCSS – Reg./Sup./Imp.)
Examination, November 2018
CORE COURSE IN URDU
3B 03 URD : Ghazal
(2017 Admn. Only)

Time : 3 Hours　　　　　　　　　　Max. Marks : 40

I. قوسین سے مناسب جواب چن کر لکھیئے۔ **(8×1=8)**

1) مطلب کے اعتبار سے غزل کا ہر شعر کیسا ہوتا ہے ؟

(ٹوٹا پھوٹا ، الگ الگ، ملاجلا)

2) شہنشاہِ غزل کے نام سے کون مشہور ہے ؟

(درد، غالب، میر)

3) اردوئے معلی کس کے رسالے کا نام ہے ؟

(حسرت، غالب، جوہر)

4) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(مطلع، مقطع، تخلص)

5) غزل میں عام طور پر کتنے مقطع ہوتے ہیں ؟

(ایک، تین، چار)

6) 'ماحول میرے شہر کا اتنا پُر سکون نہ تھا' – یہ مصرع کس شاعر کا ہے ؟

(میر، غالب، شہریار)

P.T.O.

7) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(شاہِ بیت، مطلع، مقطع)

8) اردو غزل کو کس نے نیا راستہ دکھایا ؟

(حالی، حسرت، میر)

II. ذیل کے کسی چھ سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیئے ۔ (6×1=6)

9) 'غزل اردو شاعری کی آبرو ہے' – یہ کس کا قول ہے ؟

10) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے ؟

11) ولی اورنگ آبادی کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے ؟

12) غزل کتنی قسم کی ہوتی ہے ؟

13) شاہ بیت کسے کہتے ہیں ؟

14) مرزا نوشہ کس کا لقب ہے ؟

15) حسن مطلع سے کیا مراد ہے ؟

16) جس سر کو غرور آج ہے تاجوری کا – اس کا دوسرا مصرع لکھیئے ؟

17) ہو چکیں غالب بلائے سب تمام – اس کا دوسرا مصرع لکھیئے ؟

III. درجہ ذیل اشعار میں سے کسی پانچ کا مفہوم مختصراً لکھیئے ۔ (5×2=10)

18) نہ ہوا سے جگ میں ہرگز قرار۔ جسے عشق کی بے قراری لگے ۔

19) کیوں کہ ملنا صنم کا ترک کروں۔ دل بھری اختیار کھوتی ہے ۔

20) سبز ہوتی ہی نہیں یہ سرزمین۔ تخمِ خواہش دل میں تو بوتا ہے کیا۔

21) الہٰی ! کہاں منہ چھپایا ہے تو نے ۔ ہمیں کھو دیا ہے تری جستجو نے ۔

22) کب تک نبھائیے ؟ بت نا آشنا کے ساتھ ۔ کیجیے وفا کہاں تلک ؟ اس بے وفا کے ساتھ ۔

23) سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں ۔ خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں ۔

24) بازیچہ اطفال ہے دنیا میرے آگے ۔ ہوتا ہے شب و روز تماشہ میرے آگے ۔

25) رنج کیا کیا ہیں ؟ ایک جان کے ساتھ ۔ زندگی موت ہے حیات نہیں ۔

IV. درج ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیئے ۔ (2×8=16)

26) فانی کی شاعری کی خصوصیات گنائیے ۔

یا

27) حسرت موہانی نے اردو غزل کے لیے کیا کیا خدمات انجام دیے ؟ لکھیئے ۔

28) غالب نے اردو غزل کو کیا دیا ؟ مدلل لکھیئے ۔

یا

29) میر کی شاعری کی اہم خصوصیات لکھیئے ۔